علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبۂ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ! اچھی طرح ذہن نشین کر لیجیے کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں؛ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اصول وآدابِ افتا (2640-501) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھ لیجیے:

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں؛ البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　کام یابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ افتا، استفتا اور قضا کی حقیقت واضح کرتے ہوئے ان کے باہمی تعلق اور امتیازات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مفتی اور مستفتی کے علمی واخلاقی آداب کیا ہیں؟ قرآن و سنت اور فقہی روایت کی روشنی میں ان آداب کی اہمیت اور ان سے انحراف کے نتائج پر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ فتاویٰ قاضی خان کی ترتیب، مصادر اور طرزِ استدلال کا تجزیہ کیجیے اور اس مجموعے کا مقام واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسلامی تاریخ میں افتا انفرادی علمی عمل سے باقاعدہ ادارہ جاتی نظام تک کن مراحل سے گزرا؟ اہم ادوار اور نمایاں تبدیلیوں کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تلفیق اور افتا بہ مذہب الغیر سے کیا مراد ہے؟ فقہا کی مختلف آرا، شرائط اور موجودہ دور میں ان کے عملی اطلاقات کا تحقیقی مطالعہ کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　کام یابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ فتویٰ کی تیاری اور اجرا کے مختلف مراحل بیان کیجیے۔ مسئلے کی درست تفہیم، اور جواب کی تدوین میں کن اصولوں کی رعایت ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ فقہا اور مفتیان کے طبقات و مراتب کی تقسیم کس علمی ضرورت کے تحت کی گئی؟ مختلف فقہی مکاتب کے مناہج کی روشنی میں اس تقسیم کے عملی اثرات واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مجموع فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی ساخت، موضوعاتی وسعت اور فقہی منہج کا تعارف پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ دار الافتاء المصریہ اور یورپین کونسل برائے افتا و تحقیق کی علمی خدمات کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اجتہاد اور تقلید کی حدود و شرائط اور اہمیت واضح کیجیے۔ (20)